ممبر CPNE نوابشاہ، کراچی اور اسلام آباد سے شائع ہونیوالا کثیر الاشاعت اخبار ABC CERTIFIED

رجسٹرڈ نمبر 3316

ایڈیٹران چیف : لیاقت علی ملک

روزنامہ پروان کراچی

DAILY PARWAN

Ph: 021-35321099

جلد نمبر 10 | جمعہ 19 جون 2026ء، 3 محرم الحرام 1448ھ (قیمت 20 روپے) | شمارہ نمبر 233

# عورت فاؤنڈیشن کا امن معاہدے کا خیر مقدم

## تاریخ کے اس اہم لمحے کا پوری دنیا اور امن پسند انسانیت کو شدت سے انتظار تھا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) عورت فاؤنڈیشن ایران اور ریاستہائے متحدہ امریکہ کے درمیان مفاہمتی یادداشت (Memorandum of Understanding) پر دستخط کا پرتپاک خیر مقدم کرتی ہے اور اسے علاقائی اور عالمی امن کی جانب ایک عظیم پیش رفت قرار دیتی ہے۔ عورت فاؤنڈیشن کی ایگزیکٹو کونسل کے اجلاس کے بعد جاری کردہ ایک پریس بیان میں کہا گیا کہ تاریخ کے اس اہم لمحے کا پوری دنیا اور امن پسند انسانیت کو شدت سے انتظار تھا۔ اس امید کی تعبیر نے ثابت کر دیا ہے کہ عالمی طاقت کے ڈھانچے اور عوامی سطح پر اب بھی عقل و دانش کی بالادستی قائم ہے، اور اگر انسان متحد ہو جائیں تو دنیا کو ممکنہ خطرات سے محفوظ بنایا جا سکتا ہے۔ عورت فاؤنڈیشن کا مؤقف ہے کہ تباہ کن جنگ کے دوران ایران کے عوام، جن میں اسکول جانے والی بچیاں، شیر خوار بچے اور ملک کی اعلیٰ ترین قیادت شامل ہیں، نے ایسی بے مثال قربانیاں دی ہیں جن کی مثال مشرق وسطیٰ کی گزشتہ ایک ہزار سالہ تاریخ میں مشکل سے ملتی ہے۔

بیان میں کہا گیا: ''ہم ایرانی عوام کی استقامت، ثابت قدمی اور عظیم قربانیوں کو عقیدت و احترام کے ساتھ سلام پیش کرتے ہیں۔'' عورت فاؤنڈیشن اس بات پر پختہ یقین رکھتی ہے کہ پائیدار امن صرف مکالمے، سفارت کاری، باہمی احترام اور بین الاقوامی انسانی حقوق کے اصولوں کی پاسداری کے ذریعے ہی حاصل کیا جا سکتا ہے۔ عوام سے عوام کے درمیان امن مذاکرات کے راستے کو بھی فروغ دیا جانا چاہیے۔ عورت فاؤنڈیشن تنازع کے دوران متاثر ہونے والے تمام شہریوں، بالخصوص خواتین، بچوں، بزرگوں اور دیگر کمزور طبقات سے اظہارِ یکجہتی کرتی ہے اور انسانی جانوں کے ضیاع پر افسوس کا اظہار کرتی ہے۔